فوری ریلیز کے لیے: 2023/20/4 | گورنر ***KATHY HOCHUL***

گورنر کی جانب سے لانگ آئیلینڈ کے پہلے میونسپل سولر پلس اسٹوریج پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان

ٹاؤن آف ایسٹ ہیمپٹن میں پارکس ڈیپارٹمنٹ بلڈنگ کو توانائی کی پہلی خالص صفر بلڈنگ بنانے کے لیے صاف قابل تجدید سولر انرجی جنریشن، جس سے ہو رہی ہے توانائی کی لاگت میں بچتوں کی فراہمی

پروجیکٹ کاربن کے اخراج کو پورا کرتا ہے جس سے ریاست نیو یارک اور ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کے لیے شمسی اور توانائی کے ذخیرے کے جرات مندانہ اہداف کو پورا کرنے میں مدد ملتی ہے

ڈرون تصاویر یہاں اور یہاں ملاحظہ کریں

گورنر Kathy Hochul نے آج کے دن لانگ آئی لینڈ کی میونسپلٹی کی وساطت سے پہلے سولر پلس اسٹوریج پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان کیا، جو اب ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن میں کام کر رہا ہے۔ چھتوں کے ایرے نے ٹاؤن ہال کیمپس میں پارکس ڈیپارٹمنٹ بلڈنگ کو ٹاؤن کی پہلی بلڈنگ بنا دیا ہے جس نے بجلی کی پیداوار سے کاربن کے خالص صفر اخراج کا ہدف حاصل کیا ہے۔ یہ پروجیکٹ، نیو یارک پاور اتھارٹی کے ساتھ تیار کیا گیا ہے،ریاست نیو یارک کے 2030 تک اپنی 70 فیصد بجلی قابل تجدید توانائی سے حاصل کرنے کے ہدف، اور ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کے، 2030 تک ہی تمام شعبوں میں کمیونٹی بھر میں صرف قابل تجدید توانائی کے ہدف کی حمایت کرتا ہے۔

"شمسی توانائی نیو یارک کے صفر اخراج بجلی کے نظام کو حاصل کرنے اور ہماری آب و ہوا کے اہم ملکی اہداف کو حاصل کرنے کے لیے ایک اہم عنصر ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس سولر پلس اسٹوریج پروجیکٹ کی تکمیل کے ساتھ، ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن لانگ آئی لینڈ کی پہلی میونسپلٹی ہے جس نے ایک ایسے حل کے لیے عہد کیا ہے جو شمسی توانائی کو حکومتی کاموں میں ضم کرتا ہے۔ ہم صاف توانائی میں ایسی بھاری بھرکم سرمایہ کاری جاری رکھیں گے جس سے ملازمتیں پیدا ہوں گی، ٹیکس دہندگان کی رقم کی بچت ہو گی اور نیو یارک کے تمام شہریوں کے لیے ایک سرسبز مستقبل کی تعمیر ہو گی۔"

165 پینل سسٹم PSEG لانگ آئی لینڈ کے ڈسٹری بیوشن گرڈ سے براہ راست منسلک ہے اور سالانہ تقریباً 90 میگا واٹ گھنٹے توانائی فراہم کرے گا۔ پہلے سال میں، یہ تقریباً 110,000 پاؤنڈ کاربن ڈائی آکسائیڈ کو پورا کرے گا، جو کہ 125,000 میل سے زیادہ چلائی جانے والی ایک اوسط مسافر گاڑی کے ذریعے کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج کے برابر ہے۔ 75 کلو واٹ سولر PV (فوٹو وولٹک) سسٹم صاف، قابل تجدید بجلی پیدا کرے گا اور 137 کلو واٹ گھنٹے کی بیٹری چارج کرے گا۔ توقع ہے کہ بلڈنگ کی توانائی کے اخراجات کا 100 فیصد شمسی PV سسٹم سے پیدا ہونے والی توانائی کے کریڈٹس سے پورا کیا جائے گا۔ کسی بھی اضافی توانائی کے کریڈٹس کو ٹاؤن ہال کیمپس کی کسی دوسری بلڈنگ کے لیے مختص کیا جائے گا۔

ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کے سپروائزر Peter Van Scoyoc نے کہا، "یہ پروجیکٹ نہ صرف کاربن کے اخراج کو کم کرے گا اور ٹاؤن ہال کیمپس کو مزید مستحکم بنائے گا، بلکہ اس سے ٹاؤن کے ٹیکس دہندگان کو بل کریڈٹس کے دوران کم از کم $10,000 سالانہ کی بچت ہونے اور بجلی کے اخراجات میں کمی آنے کا تخمینہ بھی لگایا گیا ہے۔"

ٹاؤن نے پاور اتھارٹی کے ساتھ مل کر، سولر پلس بیٹری اسٹوریج سسٹم تیار کرنے کے لیے ایک مسابقتی عمل کے ذریعے نیو یارک میں قائم سولر لبرٹی اور پروجیکٹ پر اس کے مالی شراکت دار، انکلوسیو پراسپیرٹی کیپٹل کا انتخاب کیا۔ سولر PV سسٹم کی مالی اعانت 20 سالہ پاور پرچیز ایگریمنٹ (Power Purchase Agreement، PPA) کی وساطت سے انکلوسیو پراسپیرٹی کیپٹل کے ساتھ کی جائے گی، جس میں ٹاؤن کے لیے کوئی پیشگی لاگت شامل نہیں ہو گی۔ PPA ٹاؤن کو ٹیکس کریڈٹس کے ذریعے فراہم کردہ لاگتوں سے فائدہ اٹھانے کے قابل بناتا ہے۔

بیٹری، جو NYPA کی گرانٹ اعانت کے ذریعے ٹاؤن میں بغیر کسی لاگت کے شامل کی گئی ہے، سب سے زیادہ مانگ کے دوران، توانائی ذخیرہ کرے گی اور ضرورت پڑنے پر اسے گرڈ میں ڈسچارج کرے گی۔

NYPA کے قائم مقام صدر اور CEO Justin E. Driscoll نے کہا، "پاور اتھارٹی مقامی حکومتوں اور ریاستی ایجنسیوں کو توانائی کے اختراعی حلوں کے ذریعے کاربن کے صفر اخراج کے اپنے اہداف تک پہنچنے میں مدد دیتی ہے جو کہ اخراجات کو کم کرتے ہیں، لچک میں اضافہ کرتے ہیں اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو کم کرتے ہیں۔ ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن توانائی کے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے شمسی اور ذخیروں کو مربوط کر کے لانگ آئی لینڈ پر نئے زمینی منصوبے بنا رہا ہے۔ اس طرح کے اختراعی پروجیکٹس ریاست بھر میں بنائے جا رہے ہیں جو نیویارک کے شمسی اہداف اور 2040 تک 100 فیصد صفر اخراج والے بجلی کے نظام کے لیے اس کے جرات مندانہ ہدف دونوں کی طرف پیش رفت کو مزید آگے بڑھانے میں مدد کریں گے۔"

NYPA نے 100 فیصد قابل تجدید توانائی کے ہدف کی طرف بڑھنے کے لیے ایسٹ ہیمپٹن کی جاری کوششوں کے حصے کے طور پر سسٹم کی تنصیب کی سفارش کی۔ NYPA ڈسٹری بیوٹڈ انرجی ریسورس ایڈوائزری سروسز نے پورے عمل میں بطور مشیر مدد کی۔ یہ پروجیکٹ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے ریاست کے شمسی اور توانائی کے ذخیرہ کرنے کے جرات مندانہ اہداف کی بھی حمایت کرتا ہے، جس میں 2030 تک کم از کم 10 گیگا واٹ تقسیم شدہ شمسی توانائی کے وسائل کو حاصل کرنا شامل ہے۔

ریاست نیویارک کی توانائی کی تحقیقی و ترقیاتی اتھارٹی (New York State Energy Research and Development Authority، NYSERDA) نے اپنے ریٹیل انرجی اسٹوریج پروگرام کے ذریعے پروجیکٹ کے لیے تقریباً $35,000 کا عہد کیا ہے، جو کمرشل صارفین کو خود مختار، گرڈ سے منسلک انرجی سٹوریج یا نئے یا موجودہ کلین آن سائٹ جنریشن جیسے شمسی کے ساتھ جڑے نظاموں کے لیے فنڈ فراہم کرتا ہے۔ توانائی کو ذخیرہ کرنے کے لیے نیویارک کا جامع نقطہ نظر مارکیٹ لرننگ خم کو تیز کرنے، لاگتوں کو کم کرنے اور قابل تجدید توانائی کے وسائل کو بہتر طور پر مربوط کرنے کے لیے توانائی ذخیرہ کرنے کے پروجیکٹس کی تعیناتی کو تیز کرنے میں مدد کر رہا ہے۔ 2019 سے، ریاست بھر میں 1,300 میگاواٹ سے زیادہ توانائی ذخیرہ کرنے کے پروجیکٹس کی تعمیر کے لیے $300 ملین سے زیادہ کی رقم مختص کی گئی ہے۔

NYSERDA کی صدر اور CEO Doreen M. Harris نے کہا، "یہ شمسی توانائی کو توانائی کے ذخیرے کے ساتھ منسلک کر کے صاف، قابل تجدید توانائی پیدا کرنے کی اجازت دیتا ہے جب اور جہاں الیکٹرک گرڈ کو اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ یہ پروجیکٹ اس بات کی ایک بہترین مثال ہے کہ مقامی ہوا کے معیار کو بہتر بنانے اور نیو یارک کے باشندوں کے پیسے بچانے کے دوران ریاست اور مقامی میونسپلٹی کارروائیوں کو مزید مستحکم بنانے کے لیے کس طرح مل کر کام کر سکتی ہیں۔"

100 فیصد قابل تجدید توانائی کے استعمال کے ٹاؤن کے اہداف کی حمایت میں، سپروائزر نے توانائی کی پائیداری کی اعلیٰ کوششیں کی ہیں، بشمول انرجائز ایسٹ ہیمپٹن مہم جو کہ رہائشیوں کو شمسی تنصیبات اور توانائی کی بچت کے دیگر آلات کے لیے مراعات کی پیشکش کرتی ہے، اور عوامی بلڈنگز میں توانائی کے استعمال کے حوالے سے اور اس کی کمیوں کے لیے جائزوں کو جاری رکھے ہوئے ہے۔ دیگر ماحولیاتی اقدامات میں ٹاؤن ہال کیمپس میں الیکٹرک گاڑیوں کے چارجنگ اسٹیشنز اور ٹاؤن لینڈ کے لیے لانگ آئی لینڈ کے ساؤتھ فورک پر پہلے میگا واٹ اسکیل کے سولر فارم کی ترقی شامل ہے۔ NYPA ٹاؤن کے ساتھ LED سٹریٹ لائٹنگ اپ گریڈ پر بھی کام کر رہا ہے۔

سولر لبرٹی کے نائب صدر Nathan Rizzo نے کہا، "ہمیں ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن، NYPA اور IPC کے ساتھ اس انقلابی سولر پلس اسٹوریج پروجیکٹ پر شراکت داری کرنے پر فخر ہے۔ ٹاؤن کی منفرد سہولت گاہ ہونے کے طور پر، یہ اقدام نیو یارک اور اس سے باہر کی دیگر میونسپلٹیز کے لیے ایک مضبوط مثال قائم کرتا ہے، جو صاف توانائی کے حلوں کو اپنانے کی عمل انگیزی اور فوائد کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ تنصیب نہ صرف ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کو قابل تجدید توانائی کے اپنے 100 فیصد ہدف کے قریب لے جاتی ہے بلکہ موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرتے ہوئے ٹیکس دہندگان کے لیے لاگت میں نمایاں بچت بھی فراہم کرتی ہے۔"

انکلوسیو پراسپیرٹی کیپٹل (Inclusive Prosperity Capital, IPC)، ایک غیر منافع بخش سرمایہ کاری فنڈ ہے جو صاف توانائی کے پروجیکٹس کی مالی اعانت فراہم کرنے کے لیے وقف ہے جو روایتی طور پر پسماندہ مارکیٹوں اور کریڈٹس کو فائدہ پہنچاتا ہے، نظام کی ملکیت اور اسے برقرار رکھنے کے لیے ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کے ساتھ شراکت داری کر رہا ہے۔

IPC کے صاف توانائی ٹرانزیکشنز کے مینیجنگ ڈائریکٹر John D'Agostino نے کہا،"IPC لانگ آئی لینڈ پر پہلا میونسپل سولر پلس اسٹوریج سسٹم تیار کرنے میں ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن اور نیو یارک پاور اتھارٹی کو معاونت دینے اور ٹاؤن کی قابل تجدید توانائی میں منتقلی میں تعاون کرنے پر بہت خوش ہے۔ ایسٹ ہیمپٹن پروجیکٹ IPC اور NYPA کی میونسپل علاقوں میں صاف توانائی کی تعیناتی پر توجہ دینے کی ایک بہترین مثال ہے۔"

ریاستی سینیٹر Anthony H. Palumbo نے کہا، "میں ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کی خطے کے کاربن کے اخراج کو کم کرنے اور ہمارے بچوں اور ان کے بھی بچوں کے لیے ایک سرسبز اور صحت مند مستقبل کو فروغ دینے کی کوششوں کے لیے ان کو داد کا مستحق قرار دینا چاہتا ہوں۔ یہ پروجیکٹ لانگ آئی لینڈ پر ٹاؤن کی سہولت گاہوں کے لیے کاربن کے خالص صفر اخراج کے ہدف کو حاصل کرنے اور ایسٹ اینڈ اور ریاست نیو یارک کے لیے زیادہ پائیدار مستقبل کی بنیاد رکھنے کا ایک پہلا اہم منصوبہ ہے۔"

رکنِ اسمبلی Fred W. Thiele Jr. نے کہا، "ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن کی لانگ آئی لینڈ پر ایک میونسپلٹی کی وساطت سے سولر پلس اسٹوریج کے پہلے پروجیکٹ کی تکمیل، پائیدار توانائی کے اہداف کے حصول کی جانب ایک قابل ذکر کامیابی اور ایک اہم قدم ہے۔ یہ پروجیکٹ ریاست نیو یارک کے پُرعزم قابل تجدید توانائی کے اہداف کی حمایت کرتا ہے اور ریاست نیو یارک کی دیگر کمیونٹیز کے لیے ایک ماڈل کے طور پر کام کرتا ہے۔ کاربن کے خالص صفر اخراج کو حاصل کر کے، ایسٹ ہیمپٹن ٹاؤن نے صاف ستھرے، سرسبز مستقبل کے لیے اپنی وابستگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ٹاؤن اور ریاست نیو یارک پاور اتھارٹی کے درمیان شراکت اس بات کی ایک روشن مثال ہے کہ حکومت اور صنعت مشترکہ مقاصد کے حصول کے لیے مل کر کیسے کام کر سکتے ہیں۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں